© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرہ کتب

(۱)

نام: برِّ صغیر پاک و ہند کے علمی، ادبی اور تعلیمی ادارے

مرتب: ابو سلمان شاہجہان پوری و امیر الاسلام

صفحات: ۵۰۴

ناشر: گورنمنٹ نیشنل کالج۔ کراچی

گزشتہ سال نیشنل کالج کے میگزین علم و آگہی کا ایک خصوصی شمارہ "علمی، ادبی اور تعلیمی ادارے" شائع ہوا تھا۔ اس میں تقریباً چالیس ادارے تھے۔ زیر نظر شمارہ اسی سلسلے کی دوسری جلد ہے۔ اس میں اداروں کی تعداد پانچ، چھ سو سے کسی طرح کم نہ ہوگی۔ یہ نمبر تعلیمی ادارے، تاریخ آثار قدیمہ کے ادارے، علمی ادبی ادارے، علمی و فنی ادارے، علمی دینی ادارے، تعلیمی و تبلیغی ادارے، ثقافتی ادارے، علمی شخصیاتی ادارے اور علاقائی لسانی ادبی ادارے کے زیرِ عنوان نو حصوں میں تقسیم کیا گیا۔ مضامین کی فہرست پر ایک نظر ڈال لینے سے اندازہ ہو جاتا ہے کہ مرتبین نے نہایت فراخ دلی کے ساتھ ہر طرح کے اور ہر خیال کے اداروں کو شامل کیا ہے۔ اس میں دیوبندی، بریلوی، اہل حدیث جماعت اسلامی، پرویزی وغیرہ مکاتبِ فکر کے ساتھ عیسائی تبلیغی اداروں کو بھی شامل کیا گیا ہے اس لیے کہ اردو زبان و ادب کے فروغ میں مشنری اداروں کا بھی ایک حصہ ہے، اس میں مدرسہ رحیمیہ، مدرسہ نذیریہ (دہلی) دار العلوم تقویۃ الاسلام (امرتسر) دار الرشاد (پیر جھنڈا) جمعیت دعوت و تبلیغ (پونا) بیت الحکمت مدرسہ نظارۃ المعارف القرآنیہ (دہلی) انجمن اسلامیہ (رانچی) وغیرہ پر نہایت بلند پایہ اور تعارفی مضامین ہیں۔

گزشتہ دو سال سے نیشنل کالج نے کالج میگزینوں کی عام روایت سے ہٹ کر نمبر نکالے ہیں یہ نمبر اپنے موضوع کی اہمیت اور علمی و تحقیقی معیار کے لحاظ سے نہایت قابل قدر و لائق مطالعہ ہیں۔ یہ دونوں نمبر اپنی ظاہری و معنوی خوبیوں کی بنا پر بلند پایہ تصانیف کی حیثیت رکھتے ہیں۔ کتابت و طباعت آفسٹ کی ہے، سرورق سہ رنگا اور خوشنما ہے۔ کاغذ البتہ نیوز پرنٹ استعمال کیا



© rasailojaraid.com